هین* آسمان سے مینهه اُتارا که اُس سے درخت اور گهاس گل بوتے اُگنے لگے اور هزارون زبان سے الله کی تعریف اور خوبیونکے دفتر کهولتے* فقیر غریبونکو بادشاه ملک و مال و فوج سامان والا کرتا هی* بڑے بڑے لشکر والونکو ناپرسان گم نام لوگونکے هاتهه کرواتا هی* سچ هی که وه بلند مرتبه اور بڑی عظمت وشان رکهتا هی* لوگونکے دلکو وهی پهیرتا هی* بیماری کهوتا هی بیتا بیتی روزی رزق دیتا هی* پتا پتا بوتا بوتا یهان کا جانتا هی دلونکی خبر رکهتا هی* اُسی سے ڈرو اُسی سے طمع رکهو اُسیکی خوشامد کرو* اور جو یهه حال دلکا الله کے ساتهه نه پیدا هو تو اُسکی صفت اور قدرت جو مذکور هوویے رات دن اُسمین غور رکهو* چند روز مین جلد حال بدلیگا اُسکے سوا کسی نبی ولی غوث قطب سے بیتا بیتی روزی رزق نمانگو* اُنکی قبرون پر پهول هار مٹهائی پکوان نذر نیاز نه لیجاؤ* اُنسے کچهه نمانگو نه اُنکی نذر نیاز کرو یه باتین شرک و کفر کی هین* دوسرا ٹکڑا کلمے کا محمد رسول الله هی* معنے اُسکے یه هین که محمد الله کے بهیجے هوئے هین راه بتانے کو* جو طور اُنکا تها نماز روزے حج زکوة کهانے پینے شادی غمی لڑنے ملنے مین وهی طریق حق هی* اُنهین باتون کے کرنے سے الله کی رضامندی ملیگی اور هماری نجات هویگی* حضرت کے خلاف رستا نکالکر جو لوگ اپنے کئے پر خوش هین وے دهوکهے مین دوزخ کو جاوینگے کبهی الله کو نپاوینگے* اول نماز پانچ وقت کی لازم کرے بغیر اُس کے هرگز نجات نه سمجهے* رات دن اُسکے کامل کرنے کی فکر مین مشغول رهے* یعنے حضور دل اور خوف اور دعا و زاری جس مین ترقی پکڑے وه اختیار کرے* روزے رمضان مبارک کے ادا کرے* نیت اُسکے کمال کی رهے که روزے کو الله کے ذکر اور قرآن کی تلاوت سے بهر دے* افطار کروا وے زکوة دے* بهوکهه کی شدت مین

سخت

سخت گوئی اور غیبت نکرے* زکوة جب فرض هو فورا ادا کرے* صاحب حق کو التجا کے ساتهه پهنچاوے* بغیر مال دیئے دل پاک نهین هوتا اور غفلت نهین دور هوتی دل مین ایمان جگهه نهین پکڑتا* حج جس وقت فرض هو اُسیوقت مستعد هو چلنے کی کرے که جس نے تمام دنیا دیکهی مگر اپنے خاوند کا در ندیکها اُسنے کچهه ندیکها* مالک کے در پر جانے سے کسی طرح کا گنهگار تقصیروار هو امید قوی هی که صاف پاک سونا سا نکل آوے* نهین تو یقین هی که سنار اُسکو آگ مین گلاوے اپنے هتهوڑے نیچے لاوے پهر زیور بنا کر گلے لگاوے* جب کوئی کام جیسے شادی غمی یا عید شبرات محرم عرس فاتحه وغیره کرنا هو تو رسول خدا صلعم کے طریق کو کتاب سے دریافت کرے اور جو اُنپڑهه هو تو کسی دیندار عالم کے پاس جا کر یون پوچهے که حضرت کے وقت مین یهه کام کیون کر کرتے تهے* جب یهه احوال کهل جاوے تو بے تکلف ویسا هی کرے* هرچند کوئی کهے اب تمهین ویسی بات نچاهئے مگر کسیکی نمانے اور کهے که هم نے کلمه محمد کا پڑها هی دوسرے طریق پر چلنے سے هلاک هوجاوینگے جو بات حضرت کے وقت مین تهی اُسیکو بهتر جانے* بیوه هو تو نکاح کی فکر رکهے* اسلام کی فتح کی آرزو سچی اور امید قوی اپنے دل مین رکهے همیشه اُسکے لئے دعا و زاری اور سعی کرتا رهے* اور یے اشغال و اذکار پیرون کے طرین پر عمل مین لاوے* پهلا شغل طریقهٔ نقشبندیه کا چهه لطیفے هین* پهلے لطیفے کا نام لطیفهٔ قلب مقام اُسکا بائین پستان کے دو اُنگل نیچے* دوسرے کا نام لطیفهٔ روح مقام اُسکا دهنے پستان کے دو اُنگل نیچے* تیسرے کا نام لطیفهٔ سر درمیان سینے کے* چوتها لطیفهٔ نفس عین ناف پر* پانچوان لطیفهٔ خفی پیشانی پر عین مجلسیے کی جگهه* چهٹا لطیفهٔ اخفی سر کے اوپر دماغ کے چوٹی پر* طریق

Copyright © King Saud University

Created with PDFsharp 1.2.1269-g (www.pdfsharp.com)